8
سلسلة خدمة الحديث النبوي
الله رسول محمد

مَن يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ النسآء ۸۰

مُسند اسحٰق بن راھویہ

تالیف

امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ

ابو انس محمد سرور گوہر

تخریج وفوائد

حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

نظر ثانی

پروفیسر عدیل الرحمن

تقدیم

شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ



انصار السنہ پبلیکیشنز۔ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ النساء ٨٠

9 سلسلة خدمة الحديث النبوي

مسند اسحٰق بن راھویہ

تالیف

امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ

ابو انس محمد سرور گوہر

تخریج وفوائد

حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

نظر ثانی

پروفیسر عدیل الرحمٰن

تقدیم

شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ



انصار السنہ
پبلیکیشنز لاہور

اسلامی اکادمی ١٧-الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور
042-37357587

مسند اسحٰق بن راھویہ

تالیف امام الائمۃ ابو یعقوب اسحٰق بن ابراہیم بن راہویہ متوفی ۲۳۸ھ

ترجمہ ابو انس محمد سرور گوہر نظر ثانی پروفیسر عدیل الرحمن

تخریج و فوائد حافظ عبدالشکور ترمذی حافظ محمد فہد

تقدیم شیخ الحدیث عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ

اہتمام: محمد رمضان محمدی محمد سلیم جلالی

ناشر: ابو مومن منصور احمد

اسلامی اکادمی ۱۷-الفضل مارکیٹ اُردو بازار لاہور 042-37357587

Dar-us-Salam
486 ATLANTIC AVE, BROOKLYN, NY 11217
TEL(718) 625-5925 FAX:(718) 625-1511
E-Mail: darussalamny@hotmail.com
Web Site: www.darussalamny.com

سلام کو عام کرو۔‘‘

فوائد: ...... (۱) مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا دخول جنت کے لیے ایمان شرط ہے، اگر ایمان نہ ہوگا تو جنت نصیب نہیں ہوگی۔

(۲)...... یہ بھی معلوم ہوا باہمی محبت ایمان کی تکمیل کا ذریعہ ہے لٰہذا وہ کام کرنے چاہیں جو ایمان کی تکمیل کا ذریعہ بنیں اور جن سے آپس میں محبت پیدا ہو۔ اوران کاموں سے بچنا چاہیے جن کی وجہ سے آپس میں نفرت، حسد وبغض پیدا ہوتا ہے۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’آپس میں ہدیہ لیا دیا کرو، اس سے باہمی محبت پیدا ہوگی۔‘‘ (ادب المفرد للبخاری، رقم : ٥٩٤)

(۳)...... مذکورہ بالا حدیث میں ایک دوسرے کو السلام علیکم کہنے کی بھی اہمیت ثابت ہوتی ہے کہ اس کی وجہ سے آپس میں محبتیں پیدا ہوتی ہیں اگر آپس میں محبت ہوگی تو صحیح مسلمان بنیں گے۔

[٢٤/٤٠٨]...... وَبِهٰذَا، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ. ①

اسی سند سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’جس میں امانت نہیں اس میں ایمان نہیں۔‘‘

فوائد: ...... مذکورہ حدیث سے امانت کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایمان وامانت لازم وملزوم ہیں۔ اگر بندہ امانت دار نہیں تو یقیناً وہ ایمان سے محروم ہے جیسا کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے: ((لَا يَغُرَّنَّكَ صَلَاةُ رَجُلٍ وَلَا صِيَامُهُ مَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ صَلّٰى وَلٰكِنْ لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ.)) (شعب الايمان : ٤/٣٣٦) ...... ’’تمہیں کسی شخص کی نماز اور اس کا روزہ دھوکہ میں نہ ڈالے، جو چاہے روزہ رکھے جو چاہے نماز پڑھے مگر اس کا کوئی دین نہیں جو امانت دار نہیں۔‘‘

اسی طرح حدیث میں ہے کہ منافق کی تین علامتیں ہیں: ((اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا ائْتُمِنَ خَانَ.))...... ’’جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے اور جب اُس کے پاس امانت رکھی جائے تو اُس میں خیانت کرے۔‘‘

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: ((وَاِنْ صَلّٰى وَصَامَ وَزَعَمَ اَنَّهُ مُسْلِمٌ.))...... ’’اور اگرچہ نماز پڑھے، روزہ رکھے اور یہ گمان کرے کہ وہ مسلمان ہے۔‘‘ (تفصیل کے لیے دیکھئے شرح حدیث نمبر ۳۸۲)

اللہ ذوالجلال نے قرآن مجید میں مومنوں کی صفتوں کا تذکرہ فرمایا ہے، ان صفات میں امانتداری بھی ہے:

① مسند احمد: ٣/ ١٣٥، ١٥٤ قال شعيب الأرناؤوط : حسن- صحيح ابن حبان، رقم: ١٩٤- صحيح الجامع الصغير، رقم: ٧١٧٩- صحيح ترغيب وترهيب، رقم: ٥٧٥.